# 05-06-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی زیر صدارت ریاستی کابینی اجلاس جاری ہے۔

۲۔ ہندوستان کے بشمول دنیا بھر سے لاکھوں افراد آج سعودی عرب میں مناسک حج ادا کررہے ہیں۔ پانچ روزہ مناسک کا کل سے آغاز ہوا۔

۳۔ضلع گدوال کے موضع پدادھنواڑہ میں اس وقت مزید کشیدگی پھیل گئی جب پولیس نے 12 افراد کو گرفتار کرلیا جن میں چند کسان بھی شامل ہیں۔کل اتھنل فیکٹری کی مخالفت میں پرتشدد واقعات پیش آئے تھے۔

اور

۴۔ دنیا بھرمیں آج عالمی یوم ماحولیات منایا جارہا ہے۔

## MEETING

آل انڈیا کانگریس کمیٹی (اے آئی سی سی) اِن چارج برائے تلنگانہ میناکشی نٹراجن اور تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی صدر مہیش کمار گوڑ نے ’’جئے بھیم، جئے باپو، جئے سمودھان‘‘ کے زیرعنوان آج حیدرآباد میں واقع گاندھی بھون میں کوآرڈنیٹرس اور پی سی سی کے مبصرین کے ساتھ ایک اہم جائزہ اجلاس میں شرکت کی۔ اِس میٹنگ کا مقصد پارٹی کو تنظیمی سطح پر مستحکم بنانا اور آنے والے سیاسی پروگراموں کے تعلق سے حکمتِ عملی تیار کرنا تھا۔ میٹنگ کے دوران حلقہ واری اساس پر پاترا سے متعلق فیلڈ کی رپورٹس اے آئی سی سی انچارج کو پیش کی گئی۔نٹراجن اور گوڑ نے اِس موقع پر پارٹی کارکنوں کو اہم ہدایات اور تجویز پیش کیں۔

## CM - DAY

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے عوام پر زور دیا ہے کہ فطرت کو سمجھنے کیلئے خود کو تیار کریں اور فطرت کے قواعد اور اس کی حدود کا احترام کرنے کے علاوہ اپنی زندگیوں، خانگی، عوامی سطح پر متحدہ طور پر استحکام لانے کے لئے بہتر سے بہتر کوشش کی جائے۔ عالمی یوم ماحولیات کے موقع پر آج ریونت ریڈی نے کہا کہ حکومت فطرت کے تحفظ اور اس کے احترام کے لئے پوری طرح پرعزم ہے۔

COLLECTOR

جل شکتی کی وزارت نے پانی کے تحفظ کیلئے مثالی قائدانہ اقدامات کرنے پر بھدرادری کوتہ گوڑم کے ضلع کلکٹر جتیش پاٹل کی ستائش کی ہے۔ وزارت نے پاٹل کو مرد آہنگ قرار دیا اور ضلع میں پانی کی بچت کیلئے ان کے غیر معمولی کردار کو تسلیم کیا۔ ضلع میں پانی کی بچت کے تحت عوام میں شعور بیداری پر توجہ دی گئی اور مختلف اقدامات کے ذریعہ زیر زمین آبی سطح میں اضافہ کیلئے کوششیں کی گئی۔ ضلع میں مختلف مقامات پر 29 ہزار 103 گڑھے کھودے گئے۔

HAJ - CLIMAX

ہندوستان کے بشمول دنیا بھر سے لاکھوں افراد آج سعودی عرب میں مناسک حج کو انجام دے رہے ہیں۔ پانچ روزہ مناسک حج کا کل سے آغاز ہوا۔ عازمین نے رات منیٰ میں گزاری۔ اب وہ حج کے سب سے اہم رکن کیلئے میدان عرفات کا رخ کریں گے جہاں تیسرے دن وقوف عرفات ہوگا اور عازمین حج خدا سے اپنے گناہوں کی معافی مانگیں گے۔ اس کے بعد مسجدِ نمرہ میں خطبہ حج ہوگا جسے عازمین بغور سنیں گے اور شام کے وقت مدزلفہ روانہ ہونے سے پہلے عصر اور مغرب کی نماز ملا کر پڑھیں گے۔ عازمین کل صبح منیٰ لوٹنگیں جہاں جانوروں کی قربانی کا عمل ہوگا اور پھر شیطان کو کنکریاں ماری جائیں گی۔

PRADHAN DAY

تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے آج نئی دہلی میں ایک پودی لگایا اور ''ایک پیڑ ماں کے نام 2.0 مہم'' کی شروعات کی۔ اِس دوران وزیر نے ایک پیڑ ماں کے نام کے تحت خصوصی ماڈل اور ویب سائٹ پر لانچ کیا جس میں ویب پورٹل بھی شامل ہے۔ پردھان نے اِس موقع پر اپنے خطاب میں اِس بات کو اجاگر کیا کہ ملک میں کاربن کا اخراج مقرر کردہ حدود سے کم ہے۔

PM - ENVIROMENT DAY

وزیر اعظم نریندر مودی نے عالمی یوم ماحولیات کے موقع پر آج نئی دہلی میں واقع بھگوان مہاویر وسنتھلی پارک میں خصوصی شجر کاری مہم کی قیادت کی۔ مودی نے ایک پیڑ ماں کے نام مہم کے تحت برگت کے درخت کا ایک پودہ لگایا۔

یہ شجرکاری اراولی گرین وال پروجیکٹ کے تحت کی گئی جس کا مقصد اراولی علاقہ میں 700 کلومیٹر کے رقبہ پر دوبارہ جنگلات کوفروغ دینا ہے۔ اِس پروجیکٹ کے تحت اراولی ہلز میں چار ریاستوں بشمول دہلی، راجستھان، ہریانہ اور گجرات میں 29 اضلاع میں جنگلاتی علاقہ کوفروغ دینا ہے۔

SOUND BYTE

ARRESTED

ضلع جوگولامبا گدوال کے موضع پدادھنواڑہ میں صورتحال ہنوز کشیدہ ہے جیسا کہ پولیس نے آج 12 افراد کو گرفتار کرلیا جن میں چند کسان بھی شامل ہیں۔ یہ گرفتاری کل مجوزہ اتھنل فیکٹری پر کئے گئے حملہ کے ضمن میں کی گئی ہے۔ گرفتار شدہ افراد کو تحویل میں دے دیا گیا جبکہ دیگر پانچ افراد کو نوٹسیں جاری کی گئی۔ راجولی کے سب انسپکٹر جگد یشور نے ایک ویڈیو پیام میں یہ بات بتائی۔ انہوں نے بتایا کہ پدادھنواڑہ اور چنادھنواڑہ کے دیہاتیوں نے اتھنل فیکٹری کے خلاف دھرنا دیا تھا اور یونٹ کو نشانہ بنایا تھا۔ فیکٹری کے بعض عملہ پر بھی حملہ کیا گیا تھا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اِس واقعہ میں ملوث دیگر افراد کی نشاندہی کیلئے سی سی ٹی وی فوٹیج کے ذریعہ مدد لی جارہی ہے۔

WEATHER

تلنگانہ بھر میں بعض مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش یا بوندہ باندی کا قوی امکان ہے۔ اس سلسلہ میں ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ اِس کے علاوہ ریاست کے اضلاع عادل آباد، آصف آباد، منچر یال، نرمل، نظام آباد، پدا پلی، جئے شنکر بھوپال پلی، ملگو، بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم، سدی پیٹ، بھونگیر، رنگاریڈی، حیدرآباد، میڑچل ملکا جگری، وقارآباد، سنگاریڈی، میدک، کاماریڈی اور محبوب نگر میں بھی تیز ہوائیں چلنے کا کافی امکان ہے۔

SCR

ساؤتھ سنٹرل ریلوے کے جنرل منیجر ارون کمار جین نے سنٹر ہاسپٹل لالہ گوڑہ حیدرآباد میں دھن ونتری کے نام سے ایک خصوصی وارڈ کا افتتاح کیا۔ اِس وارڈ میں خصوصی انفرادی اے سی کمرے، اٹینڈر کوٹ، سنٹرل آکسیجن سپلائی، اٹیچ واش رومس، 24 گھنٹے نرسنگ سہولت وغیرہ دستیاب رہے گی۔ انہوں نے اس کے علاوہ مریضوں اور دیگر کی سہولت کیلئے ایک نئی لفٹ اور ریمپ کی سہولت کا بھی افتتاح کیا۔

WAQF

تلنگانہ حکومت نے وقف بورڈ کے تعاون سے ریاست کے اماموں اور موذنوں کیلئے تین مہینوں کی تنخواہیں جاری کی ہیں۔ مارچ، اپریل اور مئی کے تحت جملہ 24.04 کروڑ روپے جاری کئے گئے ہیں۔ اِس رقم سے 16 ہزار 114 اماموں اور موذنوں کو راحت ملے گی جو پچھلے تین ماہ سے اپنے تنخواہوں کا انتظار کر رہے تھے۔ رقم سیدھا ان کے بینک اکاؤنٹ میں منتقل کر دی گئی ہے۔ ریاستی وقف بورڈ کے صدرنشین عظمت اللہ حسینی نے عیدالاضحیٰ سے پہلے یہ رقم جاری کرنے پر وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی اور ان کے نائب بھٹی وکرامارکہ کا شکریہ ادا کیا ہے۔

CABINET

ریاستی وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کی زیر قیادت کابینی اجلاس جاری ہے۔ توقع ہے کہ کابینہ، کالیشورم لفٹ اریگیشن اسکیم کے تعلق سے نیشنل ڈیم سیفٹی اتھاریٹی کی جانب سے پیش کردہ رپورٹ کا جائزہ لے گی اور راجیو یووا وکاسم اسکیم پر عمل آوری کے علاوہ سرکاری ملازمین کے مسائل اور دیگر موضوعات پر بات چیت کرے گی۔ اگر چہ راجیو یووا وکاسم اسکیم کے تحت 13 لاکھ سے زیادہ درخواستیں موصول ہوئی ہیں جبکہ استفادہ کنندگان کو 2 جون سے منظور کردہ خطوط جاری کئے جانے والے تھے تاہم انہیں روک دیا گیا ہے۔ توقع ہے کہ کابینی اجلاس میں سرکاری ملازمین کے مسائل کے تعلق سے تین عہدیداروں پر مشتمل کمیٹی کی جانب سے پیش کردہ رپورٹ پر بھی بات چیت کی جائے گی۔

T WALLET

ملک میں ریاست کی جانب سے چلائے جانے والے پہلے ڈیجیٹل ویالٹ، ٹی ویالٹ نے 16 لاکھ رجسٹرڈ شدہ صارفین تک رسائی حاصل کر لی ہے اور سال 2017ء میں شروع کئے جانے کے بعد 8 سال کے دوران 4 کروڑ سے زیادہ ادائیگیاں بھی ہیں۔ محکمہ انفارمیشن ٹکنالوجی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ یہ ویالٹ ریاست بھر میں جاری ہیں۔ اس ویالٹ کے ذریعہ مختلف خدمات بشمول ریئل ٹائم بینک ٹرانسفرس، یوٹی لیٹی بل پے منٹس سرویس فی پے منٹس اور دوکانات پر ادائیگی کی سہولت حاصل ہے۔

ENVIROMENT DAY

دنیا بھر میں آج عالمی یوم ماحولیات منایا گیا۔ یہ دن ماحولیات کے تحفظ اور زمین کیلئے مثبت ماحولیاتی اقدامات کے تحت عالمی سطح پر شعور بیداری کیلئے منایا جاتا ہے۔ یہ دن، اقوام متحدہ کے ماحولیاتی پروگرام کے تحت سال 1973ء سے ہر سال 5 جون کو منایا جاتا ہے۔ اِس سال کا موضوع ''پلاسٹک آلودگی کو شکست'' دیا گیا ہے۔